O

آپ ﷺ کے نام سے دمکتا قلب
آپ ﷺ کے ذکر سے مہکتا قلب

نور و خوشبو کا امتزاجِ حسین
چاندنی رات میں چھٹکتا قلب

اسمِ احمد ﷺ سے رفعتیں پاتا
نفس کے بوجھ کو جھٹکتا قلب

https://emad-ahmad.com/

ہو گیا آج آشنائے حرم
وادیوں میں کہیں بھٹکتا قلب

دستِ رحمت سے آب دار ہوا
سال ہا سال سے بھڑکتا قلب

خاک ہوں پر کسی سے نسبت ہے
دیکھ لو نور سے چمکتا قلب

ذات کا امتحانِ جذب و سلوک
مینائے عشق سے چھلکتا قلب

لفظ اب ساتھ ہی نہیں دیتے
آ گیا ہوں لیے ہمکتا قلب

https://emad-ahmad.com/

جب سے سمجھی ہے سنتِ آقا ﷺ
نفرتوں میں نہیں دہکتا قلب

حوضِ کوثر سے دو قدم پیچھے
خوف و امید سے دھڑکتا قلب

دِکھ رہا ہے عماد اب واضح
عشق کے بام سے جھلکتا قلب

https://emad-ahmad.com/